# خصوصی تعلیم

# والدین اور طلباء کے لیے ایک تبادلہ خیالات کا رہنما کتابچہ

## جب مجھے کوئی تشویش لاحق ہو، تو میں کہاں سے شروع کروں؟

طالب علم کی کامیابی ایک ترجیح ہے۔ طالب علم کی کامیابی کو یقینی بنانے کے لیے والدین، طلباء اور امدادی ٹیمیں مل جل کر کام کرتی ہیں۔

شروع کرنے کی سب سے بہترین جگہ اس فرد کے ساتھ شروعات کرنا ہے جو مسئلہ کے قریب ترین ہو (جیسے کلاس روم ٹیچر، خصوصی تعلیم کے وسائلی ٹیچر special education resource teacher, SERT)، بس ڈرائیور، وغیرہ)۔ مسائل یا تشویشات کو حل کرنے میں مدد کے لیے آپ کو درج ذیل کرنا چاہیے:

- صورتحال کے بارے میں زیادہ سے زیادہ معلومات اکٹھی کرنا؛ اور
- اسکول سے رابطہ کرنا اور اپنی تشویش پر بات کرنے کے لیے عملہ کے رکن (اراکین) کے ساتھ ملاقات کرنا۔

زیادہ تر مسائل بامعنی اور بامقصد بات چیت سے حل کیے جا سکتے ہیں۔ بات چیت کے راستے کھلے رکھنا بہترین حکمت عملی ہے۔

## بحیثیت والدین اپنے بچے کے پروگرام اور خصوصی تعلیمی خدمات کے سلسلے میں تشویشات پر بات کرنے کے لیے مجھے کیا کردار ادا کرنا چاہیے؟

ہم آپ کی تشویشات پر گفتگو کے لیے آپ کی شرکت پر خوش آمدید کہتے ہیں۔

**1. اپنے طریق کار کی منصوبہ بندی کریں۔**

- اپنی معلومات جمع کریں۔
- وقت سے پہلے ہی حقائق سے متعلق آگاہی حاصل کریں۔
- آپ جن چیزوں کو اجاگر کرنا چاہتے ہیں انہیں منظم کریں۔
- جانیں کہ آپ کون سے سوالات پوچھنا چاہتے ہیں۔

### یاد رکھیں:

- یارک ریجن میں کسی ایجنسی/تنظیم سے رابطہ کرنا مددگار ہو سکتا ہے، جو خصوصی ضروریات والے بچوں اور خاندانوں کے ساتھ تعاون کرتے ہیں۔
- آپ کسی بھی وقت اپنے دوست یا وکیل کو شامل کر سکتے ہیں۔ ہم آپ کی تشویشات پر گفتگو کے لیے ان کی شرکت پر خوش آمدید کہتے ہیں۔

## 2. اسکول کے عملہ کے ساتھ بات کریں

- مثبت انداز اختیار کریں۔
- ایک وقت میں ایک یا دو مسائل پر توجہ مرکوز رکھیں۔
- اپنے بچے کے بارے میں ایسی معلومات کا اشتراک کریں جنہیں آپ اہم سمجھتے ہوں۔
- ایسی معلومات کا اشتراک کریں جو آپ نے باہری ذرائع سے اکٹھی کی ہوں جس سے اسکول میں پروگرامنگ کے فیصلوں میں مدد مل سکتی ہے۔
- فعال طور پر سنیں – گفتگو میں ہر شخص کے پاس بتانے کے لیے اہم معلومات ہیں۔
- ایسے حلوں کے بارے میں کچھ خیالات پیش کریں جو آپ دیکھنا چاہتے ہیں۔
- ساتھ مل کر اگلے اقدامات کی منصوبہ بندی کریں۔
- گفتگو کے امور اور لیے گئے فیصلوں کو درج کریں۔

**یاد رکھیں:**

- آپ کا فیصلہ اہم ہے – کبھی کبھی بہترین حلوں پر پہنچنے میں وقت لگتا ہے۔
- بات چیت جاری رکھیں – بات چیت جاری رکھنا اہم ہے۔

### والدین کے رہنما کتابچے

یہ دیگر وسائل ہیں، جو آپ کیلئے دلچسپی کا باعث ہو سکتے ہے:

- شناخت، تعیناتی اور جائزہ کمیٹی (IPRC) سے متعلق والدین کا رہنما کتابچہ
- انفرادی تعلیمی منصوبہ (IEP) والدین کے لیے ایک رہنما کتابچہ
- خصوصی تعلیمی فنڈنگ برائے امدادی ٹیکنالوجی اور خصوصی ضروریات کے حامل طلباء کے لیے آلات (ابھی صرف انگریزی میں دستیاب ہے)

## میں بورڈ کے اہلکار تک کیسے پہنچ سکتا ہوں؟

**ایجوکیشن سینٹر ارورا**

| کہاں سے کال کر رہے ہیں: | سوئچ بورڈ | خودکار |
|---|---|---|
| ارورا اینڈ کنگ | 905-727-3141 | 905-727-0022 |
| نیومارکیٹ اینڈ ایسٹ گوئیلمبری | 905-895-7216 | 905-895-7227 |
| جورجینا | 905-722-3201 | 905-722-6255 |
| مرخم، رچمنڈ ہل، واؤگھن، وائٹ چرچ-سٹوف ویلی | 416-969-8131 | 416-969-7170 |

| اکثر کال کیے گئے نمبرز | فون نمبر |
|---|---|
| ایجوکیشن اینڈ کمیونٹی سروسز | 905-727-0022, ایکسٹنشن 2555/2266 |
| طلباء کی خدمات کے رابطہ کاران: | |
| شمال | (905) 895-5155 |
| مرکزی | (905) 884-4477 |
| مشرق | )905) 940-7800 |
| مغرب | (905) 764-6830 |
| خصوصی تعلیم | 727-0022 (905)، ایکسٹنشن 3235 |
| طلباء کی ٹرانسپورٹیشن سروسز | 884-4477 (905)، ایکسٹنشن 4551 |
| ٹرسٹی سروسز | 905-727-0022، ایکسٹنشن 2262/2327 |
| وزارت تعلیم | 325-2929 (416) یا 1-800-387-5514 |

## اگر مجھے لگتا ہے کہ میری تشویش کا مناسب ازالہ نہیں ہوا ہے تو کیا کروں؟

ہم آپ کے بچے سے متعلق مسائل کو حل کرنے کی آپ کی خواہش کو سمجھتے ہیں۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کی تشویشات کا ازالہ نہیں کیا گیا ہے، تو ان اقدامات پر عمل کریں اور ذیل کے چارٹس پر مذکور اگلے فرد سے بات کریں:

# ابتدائی اسکولز

**ٹیچر**

سبھی طلباء کے لیے معاونت اور/یا پروگرام فراہم کرتے ہیں

**SERT**

خصوصی تعلیمی معاونت اور/یا پروگرام فراہم کرتے ہیں

**پرنسپل/نائب پرنسپل**

طلباء کی پیشرفت کے لیے ذمہ دار

**طلباء کی خدمات کے رابطہ کاران**

کمیونٹی ایجوکیشن سینٹر میں ہوتے ہیں۔ خصوصی تعلیم، شناخت اور پروگراموں کے لیے معاونت فراہم کرتے ہیں

**سپرنٹنڈنٹ آف ایجوکیشن**

کمیونٹی ایجوکیشن سینٹر میں ہوتے ہیں۔ تمام سکولوں کے روومرّہ کے کاموں کے لیے ذمہ دار ہیں

**ایسوی ایٹ ڈائرکٹرز**

کمیونٹی ایجوکیشن سینٹر میں ہوتے ہیں۔
تعلیم اور کمیونٹی سروسز کے لیے ذمہ دار ہیں

**ڈاکٹر کا مطب**

کمیونٹی ایجوکیشن سینٹر میں ہوتے ہیں۔
تعلیم اور کمیونٹی سروسز کے لیے ذمہ دار ہیں

**بورڈ آف ٹرسٹیز**

یارک ریجن کے سبھی پبلک اسکولوں کے لیے پالیسی متعین کرتے ہیں

**وزارت تعلیم**

اونٹاریو سرکاری فنڈ یافتہ ابتدائی اور ثانوی سکول کی تعلیم کا بندوبست کرتی ہے

# سیکنڈری اسکولز

**ٹیچر**

سبھی طلباء کے لیے معاونت اور/یا پروگرام فراہم کرتے ہیں

**SERT**

خصوصی تعلیمی معاونت اور/یا پروگرام فراہم کرتے ہیں

**خصوصی تعلیمی شعبے کے سربراہ**

**پرنسپل/نائب پرنسپل**

طلباء کی پیشرفت کے لیے ذمہ دار

**طلباء کی خدمات کے رابطہ کاران**

کمیونٹی ایجوکیشن سینٹر میں ہوتے ہیں۔ خصوصی تعلیم، شناخت اور پروگراموں کے لیے معاونت فراہم کرتے ہیں

**سپرنٹنڈنٹ آف ایجوکیشن**

کمیونٹی ایجوکیشن سینٹر میں ہوتے ہیں۔ تمام سکولوں کے روزمرّہ کے امور کار کے لیے ذمہ دار ہیں

ایسوی ایٹ ڈائرکٹرز

کمیونٹی ایجوکیشن سینٹر میں ہوتے ہیں۔
تعلیم اور کمیونٹی سروسز کے لیے ذمہ دار ہیں

**ڈاکٹر کا آفس**

کمیونٹی ایجوکیشن سینٹر میں ہوتے ہیں۔
تعلیم اور کمیونٹی سروسز کے لیے ذمہ دار ہیں

**بورڈ آف ٹرسٹیز**

یارک ریجن کے سبھی پبلک اسکولوں کے لیے پالیسی متعین کرتے ہیں

**وزارت تعلیم**

اونٹاریو سرکاری فنڈ یافتہ ابتدائی اور ثانوی اسکول کی تعلیم کا بندوبست کرتا ہے

## میرے بچے کی ضروریات میں میری مدد کے لیے کون سے وسائل دستیاب ہیں؟

یارک ریجن میں خصوصی تعلیم کی مشاورتی کمیٹی ( Special Education Advisory Committee, SEAC) بورڈ کو ایسے پروگراموں اور خدمات کے بارے میں مشورہ دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہے جو استثنائی تعلیمی تقاضوں کے لیے شناخت کردہ طلباء کو درکار ہیں۔

SEAC بورڈ سے خصوصی تعلیمی پروگراموں اور خدمات کے استحکام اور ترقی سے متعلق سفارشات کر سکتی ہے۔ ایسی متعدد ایجنسیاں اور انجمنیں ہیں جن کی نمائندگی SEAC میں ہوتی ہے اور ہر ایک والدین کو معاونت اور وسائل فراہم کرتی ہے۔

آپ **www.yrdsb.ca** پر جاکر اور خصوصی تعلیم منتخب کرکے SEAC کے بارے میں معلومات تک رسائی کرسکتے ہیں۔

ابھی بورڈ کی SEAC میں درج ذیل ایجنسیوں اور تنظیموں کی نمائندگی ہے:

- ایسوسی ایشن فار برائٹ چلڈرن - یارک ریجن نارتھ
- ایسوسی ایشن فار برائٹ چلڈرن - یارک ریجن ساؤتھ
- آٹزم اونٹاریو - یارک ریجن
- چلڈرنز ٹریٹمنٹ نیٹ ورک
- کمیونٹی لائیونگ سینٹرل یارک
- کمیونٹی لائیونگ جارجینا
- ڈاؤن سینڈروم ایسوسی ایشن آف یارک ریجن
- ارلی انٹروینشن سروسز آف یارک ریجن
- ایسٹر سیلس اونٹاریو
- لرننگ ڈس ایبلیٹیز ایسوسی ایشن - یارک ریجن
- VIEWS برائے بصری نقص والے افراد
- سمعی نقص والے بچوں کے لیے VOICE
- یارک ساؤتھ ایسوسی ایشن فار کمیونٹی لائیونگ
- یارک سپورٹ سروسز نیٹ ورک

York Region
DISTRICT SCHOOL BOARD
*Inspire*Learning!

www.yrdsb.ca @YRDSB